مکتوباتِ عبدالحق

حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی اپنے وقت کے مجاہد کبیر تھے۔ انھوں نے تلوار سے جہاد نہیں کیا لیکن وقت کی اسلام دشمن تحریکوں۔ بر خود غلط مسلمانوں کے مزعومات و تصورات۔ اور ابناء دنیا کے خلاف زبان و قلم سے جو جہاد فرمایا، وہ کسی طرح جہاد بالسیف سے کم نہیں ہے۔

مولانا قاضی احمد عبدالصمد صاحب نے وقت کے اس مصلح اور مجدد کے مکتوبات گرامی کا ترجمہ سلیس اور رواں اردو میں کیا ہے۔ ان مکاتیب کے مطالعے سے روح میں بالیدگی، افکار میں تازگی، اور جذبۂ اسلام میں ایک قسم کی رعنائی پیدا ہوتی ہے۔ ان مکاتیب کا مطالعہ ہر مکتبِ فکر کے لیے مفید اور نافع ہے بلکہ فکر آفریں ہے۔ شریعت و طریقت کے بہت سے مسائل اس خوبی سے حل ہو گئے ہیں کہ پھر کسی طرح کی تشنگی باقی نہیں رہتی۔

یہ کتاب ادارۂ معارف اسلامیہ کراچی (۱۵۴ حیدر آباد کالونی، کلیٹن روڈ) نے شائع کی ہے۔ پہلی جلد کی ضخامت ۳۰۶ صفحے ہے۔ اور دوسری جلد کی ۲۹۶۔ قیمت دونوں کی پانچ پانچ روپے ہے۔ کتابت اور کاغذ اور طباعت بہتر۔ بس ایک کمی ہے یعنی کتاب مجلد نہیں ہے۔ حالانکہ اس طرح کی کتابوں کو مجلد ہی شائع ہونا چاہیے۔ تاکہ ان سے استفادہ زیادہ سے زیادہ مدت تک کیا جا سکے۔

ادارۂ معارف اسلامیہ نے اگر اس طرح کی کتابوں کی طبع و اشاعت کا سلسلہ جاری رکھا تو بہت جلد اس کا شمار ملت کے بلند پایہ اشاعتی اداروں میں ہونے لگے گا۔

تذکرہ شیخ محمد بن طاہر

یہ کتاب علامہ شیخ محمد بن طاہر پٹنی محدث کے احوال و سوانح پر مشتمل ہے۔ اس کے مترجم ہندوپاکستان کے مشہور مصنف اور مترجم مولانا سید ابوظفر ندوی ہیں۔ اسے ندوۃ المصنفین دہلی